New York State
Department of State
Division of Licensing Services
Appearance Enhancement
P.O. BOX 22049
Albany, NY 12201-2049
کسٹمر سروس: 4429- 474 (518)
https://dos.ny.gov

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | **Division of Licensing Services**

قدرتی بال سنوارنے کی درخواست

فوری اور آسان ترین عمل کاری کے لیے، ڈویژن برائے لائسنسنگ کی خدمات درخواست دہندگان کو آن لائن درخواست دینے کی ترغیب دیتا ہے۔ آن لائن خدمات کے استعمال سے آپ کی درخواست پر فوری کارروائی اور اپ ڈیٹس کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور یہ آپ کو لائسنس کی پوری کارروائی کے دوران اپنے لائسنس ریکارڈز کو دیکھنے اور ان تک رسائی کی اجازت دیتا ہے۔

ہماری ویب سائٹ درج ذیل پر ملاحظہ کریں:
www.dos.ny.gov

براہ کرم مزید معلومات کے لیے ان ہدایات کا آن لائن سیکشن ملاحظہ کریں۔

درخواست مکمل کرنے سے پہلے ہدایات کو غور سے پڑھیں۔ تمام فیلڈز لازمی ہیں، نامکمل درخواستیں واپس کر دی جائیں گی، جس سے لائسنس ملنے کے عمل میں تاخیر ہو گی۔ کسی درخواست یا معاونتی دستاویزات میں مکمل انکشاف میں کسی کوتاہی، غلطی یا ناکامی کو لائسنس سے انکار کرنے کے لیے کافی وجہ سمجھا جا سکتا ہے، یا، اگر لائسنس جاری کیا جاتا ہے تو اس کے نتیجے میں لائسنس کی معطلی یا منسوخی ہو سکتی ہے۔

قدرتی بالوں کو سنوارنے کے کام میں کیا چیزیں شامل ہیں؟

قدرتی بالوں کو سنوارنے کے کام سے مراد کسی فیس (یا کسی اور شکل میں معاوضہ، خواہ یہ بلاواسطہ ہو یا بالواسطہ، اس) کے عوض کسی انسان کے بالوں کو مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی خدمات فراہم کرنا ہے: شیمپو کرنا، انہیں ترتیب دینا، سنوارنا، مروڑنا، لپیٹنا، گوندھنا، لمبا کرنا، بالوں کو ہاتھوں یا کسی مکینیکل اپلائنس کی مدد سے باندھنا یا چوٹی کی شکل دینا۔ ان کاموں میں کاٹنا، شیو کرنا، یا بالوں کو تراشنا شامل نہیں ہو گا تاہم ان خدمات کی اس صورت میں اجازت ہو گی کہ جب ایسی خدمات قدرتی بالوں کی آرائش میں اتفاقی طور پر شامل ہوں۔ ایسے کاموں میں ڈائی، اثرانگیزی دکھانے والے کیمیکلز یا بالوں کا رنگ تبدیل کرنے والی، یا انہیں سیدھا، گھنگریالا کرنے یا بالوں کی ساخت تبدیل کرنے والی دیگر کارروائیاں شامل نہیں ہوں گی۔ ایسی تکنیکیں جو بالوں کی جڑوں میں تناؤ کا باعث ہوں، جیسا کہ بعض اقسام کی چوٹی بنانا، ان کی بُنائی، لپیٹنا، باندھنا اور بالوں کو لمبا کرنا صرف قدرتی بالوں کے سنوارنے یا کاسماٹولوجی کے لائسنس یافتہ فرد کی جانب سے کی جا سکتی ہے جنہوں نے ایسی تکنیکوں کے لیے منظور شدہ کورس کامیابی کے ساتھ مکمل کیا ہو۔

قدرتی بالوں کو سنوارنے کے لائسنس کے لیے کون درخواست دے؟

اوپر بیان کردہ کے مطابق قدرتی بالوں کو سنوارنے کا کام کرنے والے کسی بھی فرد کے لیے قانون کے مطابق ضروری ہے کہ وہ قدرتی بالوں کو سنوارنے کا لائسنس حاصل کرے۔ قدرتی بالوں کو سنوارنے کا لائسنس آپ کو کاروبار چلانے کی اجازت نہیں دیتا؛ اس کے لیے الگ سے کاروباری درخواست جمع کروانی ہو گی، اور الگ کاروباری لائسنس حاصل کرنا ہو گا۔

مجھے لائسنس کی درخواست دینے کے لیے کن معیارِ اہلیت اور معاونتی دستاویزات کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کی عمر کم از کم 17 سال ہے، تو آپ درج ذیل کی بنیاد پر قدرتی بالوں کو سنوارنے کے لائسنس کے لیے درخواست دے سکتے/سکتی ہیں:

1) ریاستِ نیو یارک میں تعلیم اور امتحانات (صرف عارضی لائسنس کے لیے اہل)

اس ریاست میں کام کا لائسنس حاصل کرنے کے لیے آپ کو 300 گھنٹے کا منظور شدہ مطالعاتی کورس مکمل کرنا ہو گا اور ریاست نیو یارک کے تحریری اور عملی امتحانات دونوں پاس کرنا ہوں گے۔

NYS میں تعلیم کی تکمیل کی بنیاد پر اہل قرار پانے والے تمام آپریٹر درخواست دہندگان کو گھریلو تشدد اور جنسی زیادتی سے متعلق آگاہی پر 1 گھنٹے کا کورس مکمل کرنا ہو گا، یہ حکم نامہ 17 جون 2020 سے مؤثر ہو چکا ہے۔ اپنی درخواست جمع کروانے سے پہلے کورس مکمل کرنے کے لیے www.dos.ny.gov/licensing پر جائیں۔

اسکولنگ کی کامیاب تکمیل کے ثبوت کے طور پر، آپ کو درخواست پر موجود **نیو یارک سے منظور شدہ اسکولنگ** کا حصہ اپنے اسکول کے ڈائریکٹر سے مکمل کروانا ہو گا۔

آن لائن درخواست جمع کروانے کے لیے NYS لائسنس سینٹر کا استعمال کرتے ہوئے، آپ کو اپنے اسکول کے سرٹیفکیٹ پر درج نصابی کوڈ تحریر کرنا ہو گا۔ آن لائن سرٹیفیکیشن پروگرام میں شرکت کرنے والے اسکول NYS لائسنس سینٹر کے توسط سے طالب علم کے لیے کورس کی تکمیل کی تصدیق کریں گے۔ وہ اسکول جو آن لائن سرٹیفیکیشن پروگرام میں شرکت نہیں کر رہے، ان کے لیے لازم ہے کہ وہ آن لائن درخواست کے سیکشن "NYS اسکول کی تصدیق" پر پہنچنے پر اپنے اسکول کا سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کریں۔ آپ کے منتخب کردہ نصابی کوڈ کی بنیاد پر نظام آپ کو خود آگاہ کرے گا کہ کون سا طریقہ درکار ہے۔

آپ کی درخواست کا جائزہ لینے اور قبول ہو جانے کے بعد، آپ کو ایک ای میل موصول ہو گی جس میں امتحان کے طریقہ کار کی تفصیلی وضاحت کی جائے گی۔

2) ریاست نیو یارک یا امریکہ سے باہر حاصل کردہ تعلیم (عارضی لائسنس کے لیے اہل)

اگر آپ کسی دوسری ریاست یا ملک سے اسکول کی مساوی سطح کی تعلیم کا ثبوت فراہم کر سکتے ہیں، تو ہم ریاست نیو یارک میں اسکولنگ کے تقاضے سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔ آپ پر درج ذیل **تمام کی تمام** تین دستاویزات جمع کروانا لازم ہے:

(1) ایک اسکول سرٹیفکیٹ؛

(2) ایک اسکول ٹرانسکرپٹ جس میں مکمل کردہ مضامین اور اوقات کار درج ہوں؛

اور

(3) اپنے ریاستی بورڈ سے لائسنس کا موجودہ سرٹیفکیٹ **یا، اگر لائسنس یافتہ نہیں،** تو آپ کے ریاستی بورڈ کی جانب سے دعویٰ کردہ اوقات کی تصدیق کرنے والا ایک موجودہ سرٹیفیکیٹ۔

آپ کی درخواست کا جائزہ لینے اور قبول ہو جانے کے بعد، آپ کو اس ریاست میں قدرتی بالوں کو سنوارنے کا لائسنس حاصل کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کے تحریری اور عملی دونوں امتحانات پاس کرنے کی بھی ضرورت ہو گی۔ آپ کو ایسی معلومات موصول ہوں گی جو امتحان کے طریقہ کار کی تفصیل سے وضاحت کرتی ہیں۔

3) تجربہ: ریاست نیو یارک سے باہر 5 سال

ایسا کوئی بھی فرد جسے کسی بھی ایسے پیشے میں کام کرنے کا پانچ سالہ قانونی تجربہ حاصل ہو جو کہ قدرتی بالوں کو سنوارنے کے مساوی ہو، وہ اپنی تعلیم اور تجربے کا اطمینان بخش ثبوت فراہم کرتے ہوئے ریاست نیو یارک میں لائسنس کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

امریکہ کے اندر حاصل کردہ تجربہ:

(1) اس لائسنسنگ ایجنسی کی جانب سے ایک اصل سرٹیفکیشن جس کے ساتھ آپ پہلے لائسنس یافتہ تھے۔

(2) سابقہ آجران، ساتھی کارکنان، کلائنٹس کی جانب سے پُر کیے گئے دو تجرباتی بیانات، کہ جن کی بنیاد پر آپ ریاست میں کام کے کم از کم 5 سالہ تجربے کا دعویٰ کر سکیں۔ تجربہ کے ان بیانات میں ***ٹھیک ٹھیک*** تاریخیں (خدمت کے آغاز کا ماہ و سال اور خدمت کے اختتام کا ماہ و سال)، مقام (شہر، ریاست، دکان کا نام) اور وہ مخصوص خدمات جو آپ نے انجام دیں، شامل ہونی چاہیئیں۔

(3) ایسے ٹیکس ریٹرنز کی **نقل** جس سے قدرتی بالوں کو سنوارنا بطور پیشہ ظاہر ہو۔

امریکی ریاست سے باہر حاصل کردہ تجربہ:

ثبوت میں درج ذیل شامل کیا جا سکتا ہے لیکن ان تک محدود نہیں ہے:

(1) اپنے ملک میں لائسنسنگ اتھارٹی کی جانب سے باضابطہ سرٹیفیکیشن یا قونصل خانے کی جانب سے تصدیق کہ آپ کے ملک میں اس پیشے کی پریکٹس کرنے کے لیے لائسنس کی ضرورت نہیں

(2) اپنے ملک کے آجر (اجران) کی جانب سے تفصیلی خطوط جن میں ملازمت کی ***ٹھیک ٹھیک*** تاریخ، مقام اور مخصوص خدمات جو آپ نے انجام دی ہوں، ان کی وضاحت ہوتی ہو۔

(3) اپنے ملک میں اپنے کلائنٹ (کلائنٹس) یا ساتھی کارکن (کارکنان) کی جانب سے تفصیلی خطوط جن سے خدمات کی **ٹھیک ٹھیک** تاریخ، مقام اور مخصوص خدمات جو آپ نے انجام دی ہوں، ظاہر ہوتی ہوں۔

(4) پاسپورٹ کی ایک **نقل** جس سے قدرتی بالوں کی آرائش بطور پیشہ ظاہر ہوتی ہو، ڈرائیونگ لائسنس، ورک بک جس میں قدرتی بالوں کی آرائش بطور تجربہ درج ہو یا کوئی بھی تصویری شناخت۔

(5)اپنے ملک میں مکمل کردہ تعلیم کے نصابی کورس اور ڈپلوماز/سرٹیفکیٹس کی **نقول**۔

(6) ایسے ٹیکس ریٹرنز کی **نقل** جس سے قدرتی بالوں کو سنوارنا بطور پیشہ ظاہر ہو۔

آپ کی درخواست کا جائزہ لینے اور قبول کیے جانے کے بعد، آپ ریاست نیو یارک میں امتحان یا مزید تعلیم کے بغیر قدرتی بال سنوارنے کا لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔

4) توثیق

ایسا درخواست دہندہ جو کسی دوسرے علاقے میں قدرتی بال سنوارنے کا لائسنس رکھتا ہو، بذریعہ توثیق، امتحان یا مزید تعلیم حاصل کیے بغیر نیو یارک میں قدرتی بال سنوارنے کا لائسنس حاصل کر سکتا ہے۔ قدرتی بال سنوارنے کے لیے توثیقی فہرست کا جائزہ لینے کے لیے ہماری ویب سائٹ www.dos.ny.gov سے رجوع کریں تاکہ یہ تعین کیا جا سکے کہ آیا آپ توثیق کی بنیاد پر لائسنس کے لیے اہل ہیں۔

کسی بھی درخواست دہندہ کو اُس علاقے سے حاصل ہونے والا اصل سرٹیفیکیشن جمع کروانا ہو گا جہاں وہ مساوی لائسنس رکھتا ہے۔

5) ریاست نیو یارک کا گزشتہ لائسنس یافتہ

ایک فرد جو انفرادی لائسنس پر دی گئی میعاد ختم ہونے کی تاریخ کے پانچ سال کے اندر تجدید نو کے لیے درخواست اور فیس جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے وہ اس لائسنس کے لیے اس وقت تک کے لیے نااہل ہو جائے گا جب تک کہ وہ تحریری امتحان پاس نہیں کر لیتا۔ گزشتہ لائسنس کا ثبوت درکار ہو سکتا ہے۔

مجھے کاغذی درخواست پر اپنا ای میل ایڈریس فراہم کرنے کی کیوں ضرورت ہے؟

آپ کا ای میل ایڈریس آپ کے NYS لائسنس سینٹر اکاؤنٹ کی تخلیق کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ زیادہ تر رابطے ای میل کی وساطت سے کیے جائیں گے۔ اگر آپ مستقبل میں اپنا ای میل ایڈریس تبدیل کرتے ہیں، تو آپ کو اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کرنے اور اسے نئے ای میل ایڈریس کے ساتھ اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہو گی۔

اپنی درخواست منظور ہو جانے کے بعد میں اپنا امتحان کیسے شیڈول کروں؟

امتحانات شیڈول کرنے کے طریقہ کار صرف آپ کے آن لائن اکاؤنٹ کی وساطت سے دستیاب ہوں گے۔

آپ کی درخواست منظور ہو جانے کے بعد آپ کو ایک ای میل موصول ہو گی جس میں آپ کو مطلع کیا جائے گا کہ اب آپ اپنا امتحان شیڈول کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نے NYS لائسنس سینٹر کی وساطت سے آن لائن درخواست جمع کروائی ہے تو آپ اپنے

امتحان کو شیڈول کروانے کے لیے اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کر سکیں گے۔ اگر آپ نے ڈویژن برائے لائسنسنگ کی خدمات میں کاغذی درخواست جمع کروا کر اپلائی کیا ہے، تو درخواست میں شامل کردہ ای میل ایڈریس پر ای میل بھیجی جائے گی۔ اگر آپ یہ نشاندہی کر چکے ہیں کہ آپ کو ٹیسٹ کے لیے خصوصی انتظامات کی ضرورت ہے، تو ڈویژن برائے لائسنسنگ کی خدمات کے ایک نمائندے کی جانب سے آپ سے رابطہ کیا جائے گا تاکہ آپ کے لیے امتحانات کا شیڈول طے کیا جا سکے۔

میں ریاستِ نیو یارک میں لائسنس یافتہ حجام ہوں۔ کیا میں قدرتی بالوں کی آرائش کے لائسنس کے لیے اہلیت رکھتا ہوں؟

اگر آپ ریاستِ نیو یارک میں ایک لائسنس یافتہ حجام ہیں، تو آپ کسی اضافی تعلیم یا امتحان کے بغیر قدرتی بالوں کی آرائش کے لائسنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ بس یہ درخواست اور 40$ درخواستی فیس جمع کروائیں۔

کیا میں ریاستی امتحانات پاس کرنے سے پہلے کام کر سکتا ہوں؟

جی ہاں۔ چھ ماہ کی مدت کے دو عارضی لائسنس اُن درخواست دہندگان کے لیے دستیاب ہیں جو امتحانی طریقہ کار کو مکمل کرنے کے دوران کام کرنا چاہتے ہیں۔ صرف ریاست نیو یارک یا امریکہ میں حاصل کردہ تعلیم کی بنیاد پر درخواست دینے والے درخواست دہندگان ہی عارضی لائسنس کے اہل ہیں۔ درخواست دہندہ اسی صورت میں عارضی لائسنس کی تجدید کے لیے درخواست دے سکیں گے جب انہوں نے تحریری یا عملی امتحان میں سے کوئی ایک پاس کر لیا ہو۔ جب آپ دونوں امتحانات پاس کر لیں گے، تو آپ کو ایک چار سالہ لائسنس جاری کیا جائے گا۔

لائسنس کی فیس اور مدت کتنی ہے؟

40$ - درخواست کی اصل لائسنس فیس (برائے تمام درخواست دہندگان)۔ ان درخواست دہندگان کے لیے جنہیں امتحانات پاس کرنے کی ضرورت نہیں (مثلاً، پانچ برس کے قانونی تجربے کی روشنی میں یا بطورِ لائسنس یافتہ حجام درخواست دینے والے)، صرف یہی فیس درکار ہے۔

10$ -6 ماہ کے عارضی لائسنس کی فیس۔

10$ - 6 مہینوں پر مبنی عارضی لائسنس کی تجدید نو کی فیس (الگ درخواست دیں)۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ: اگر اصل درخواست اور عارضی لائسنس کے لیے درخواست دے رہے ہیں، تو آپ 50$ کی ایک درخواست فیس جمع کروا سکتے ہیں۔ درخواست کی علیحدہ علیحدہ فیسیں درکار نہیں۔

لائسنس کی مدت چار سال ہے۔ عارضی لائسنس کی مدت 6 ماہ ہے۔

15$ - امتحانی فیس (جب آپ اپنے امتحان کو آن لائن شیڈول کرتے ہیں، تب لی جائے گی)۔

آپ کن صورتوں میں ادائیگی قبول کرتے ہیں؟

آپ ایسے چیک یا منی آرڈر کی وساطت سے ادائیگی کر سکتے ہیں جو ریاستی محکمہ کو قابل ادائیگی ہو یا پھر کریڈٹ کارڈ کے ذریعے آن لائن یا پھر اس کے استعمال کی اجازت کا فارم استعمال کرتے ہوئے بذریعہ American Express، MasterCard یا Visa کے ذریعے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ نقد رقم ارسال نہ کریں۔ **درخواست کی فیس ناقابل واپسی ہے۔** آپ کے بینک کی جانب سے واپس کیے گئے کسی بھی چیک پر 20$ فیس وصول کی جائے گی۔

کیا مجھے لائسنس کے حصول کے لیے جسمانی معائنہ کروانا ہو گا؟

جی ہاں۔ قدرتی بال سنوارنے کے لائسنس کے لیے درخواست جمع کروانے کے لیے آپ کو فزیشن، فزیشن کے معاون یا نرس پریکٹیشنر سے معائنہ کروانا ہو گا۔ آپ کے **فزیشن، فزیشن کے معاون یا نرس پریکٹیشنر** کو درخواست میں ہیلتھ سرٹیفکیشن کا سیکشن مکمل کرنا اور اس پر تاریخ درج کرنا ہو گی۔ درخواست کا مذکورہ حصہ یا اگر آپ آن لائن درخواست دے رہے ہیں تو ہیلتھ سرٹیفکیشن فارم (DOS-1948) پُر کریں۔ سرٹیفکیشن پر دستخط اور تاریخ درج ہونے کے 30 دنوں کے اندر اندر آپ کو اپنی درخواست جمع کروانا ہو گی۔

امداد اطفال کا بیان

ریاست نیویارک (عمومی واجبات کے قانون) میں امداد اطفال کا بیان لازمی ہے، قطع نظر اس کے کہ آپ کے بچے ہیں یا نہیں یا کوئی معاونتی ذمہ داری ہے یا نہیں۔ **ایسا کوئی بھی فرد جس کے ذمے امدادِ اطفال کی مد میں چار ماہ یا زائد کی ادائیگیاں بقایا ہوں، اس کا کاروباری، پیشہ ورانہ اور ڈرائیونگ لائسنس معطل ہو سکتا ہے۔** معاونتی ذمہ داریوں کے قانونی نفاذ میں خلل یا ناکامی کی غرض سے جان بوجھ کر جعلی تحریری بیان جمع کروانا تعزیری قانون میں §175.35 کے تحت قابلِ تعزیر ہے۔ ریاست یا مقامی حکومت کو دھوکہ دینے کی غرض سے جھوٹی دستاویز جمع کروانا درجہ E کا جرم ہے۔

<u>آن لائن خدمات کے بارے میں معلومات:</u>

فوری اور آسان ترین عمل کاری کے لیے، ڈویژن برائے لائسنسنگ کی خدمات درخواست دہندگان کو آن لائن درخواست دینے کی ترغیب دیتا ہے۔ آن لائن خدمات کے استعمال سے آپ کی درخواست پر فوری کارروائی اور اپ ڈیٹس کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور یہ آپ کو لائسنس کی پوری کارروائی کے دوران اپنے لائسنس ریکارڈز کو دیکھنے اور ان تک رسائی کی اجازت دیتا ہے۔

مزید مکمل ہدایات اور دیگر آن لائن معلومات کے لیے http://www.dos.ny.gov/licensing/lc-faq.html پر موجود کثرت سے پوچھے گئے سوالات ملاحظہ کریں

آن لائن کون سی ٹرانزیکشنز اور معلومات دستیاب ہیں؟

- ایک ابتدائی درخواست مکمل کرنا
- درخواست کا اسٹیٹس چیک کرنا
- اپنے لائسنس کی تجدید کروانا
- امتحان شیڈول کرنا اور نتائج ملاحظہ کرنا
- لائسنس کا اسٹیٹس چیک کرنا
- لائسنس کے لیے درج شدہ معلومات میں ترمیم کرنا
- ڈپلیکیٹ لائسنس کی درخواست کرنا

میں NYS لائسنس سینٹر (NYSLC، NYS License Center) میں ایک اکاؤنٹ کے لیے کیسے رجسٹر کرواؤں؟

NYS لائسنس سینٹر (NYSLC) میں ایک اکاؤنٹ کے لیے رجسٹر کروانے کے لیے، آپ کو پہلے My NY.gov کے ساتھ رجسٹر کرنا ہو گا۔

اگر آپ فی الحال My NY.gov کے ساتھ رجسٹر شدہ نہیں، تو https://aca.licensecenter.ny.gov/aca/ پر واقع My NY.gov کی رجسٹریشن سائٹ پر جائیں اور 'مجھے ایک NY.gov ID درکار ہے' کے لنک پر کلک کریں اور My NY.gov کے لیے رجسٹریشن کی پیروی کریں۔ ایک بار My NY.gov کے ہمراہ رجسٹر ہو جانے پر، My

قدرتی بال سنوارنے کی درخواست

NY.gov پر خود کو دستیاب اختیارات میں سے NYS لائسنس سینٹر کا اختیار منتخب کریں۔ NYS لائسنس سینٹر میں، اوپر دائیں جانب موجود 'اکاؤنٹ کے نظم' کے لنک پر کلک کریں۔ درکار فیلڈز کو مکمل کریں اور یہ ڈیٹا آپ کے اکاؤنٹ کا استعمال کرتے ہوئے تخلیق کی جانے والی تمام نئی درخواستوں میں پہلے سے شامل ہو جائے گا۔ ایک بار جب آپ اس ڈیٹا کو مکمل اور محفوظ کر لیتے ہیں، تو آگے بڑھنے کے لیے 'ہوم' ٹیب پر کلک کریں۔

اگر میرا پہلے ہی سے My NY.gov پر اکاؤنٹ ہو، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ My NY.gov پر پہلے سے ہی رجسٹر شدہ ہیں، تو My NY.gov پر جائیں اور سائن ان کریں، اس کے بعد My NY.gov پر دستیاب اختیارات میں سے NYS لائسنس سینٹر کے اختیار کو منتخب کریں۔ اس سے آپ کا NYS لائسنس سینٹر اکاؤنٹ بن جائے گا۔ NYS لائسنس سینٹر میں، اوپر دائیں جانب موجود 'اکاؤنٹ کے نظم' کے لنک پر کلک کریں۔ درکار فیلڈز کو مکمل کریں اور یہ ڈیٹا آپ کے اکاؤنٹ کا استعمال کرتے ہوئے تخلیق کردہ تمام نئی درخواستوں میں پہلے سے شامل ہو جائے گا۔ ایک بار جب آپ اس ڈیٹا کو مکمل اور محفوظ کر لیتے ہیں، تو آگے بڑھنے کے لیے 'ہوم' ٹیب پر کلک کریں۔

میں NYS لائسنس سینٹر میں لائسنس کے لیے کیسے درخواست دوں؟

NYS لائسنس سینٹر میں ایک لائسنس کی درخواست دینے کے لیے، آپ کو ایک اکاؤنٹ تخلیق کرنا ہو گا یا اپنے موجودہ اکاؤنٹ میں لاگ ان کرنا ہو گا۔ اپنے لائسنس کے لیے آن لائن درخواست دینے کے لیے ان مراحل کی پیروی کریں:

- ایک اکاؤنٹ کے لیے رجسٹر ہوں یا اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں (مذکورہ بالا "میں NYS لائسنس سینٹر (NYSLC) میں ایک اکاؤنٹ کے لیے خود کو کیسے رجسٹر کروا سکتا ہوں" ملاحظہ کریں)'
- NYS لائسنس سینٹر میں لاگ ان ہو جانے کے بعد، 'ہوم' ٹیب پر موجود 'نئے لائسنس یا پرمٹ کے لیے ابھی درخواست دیں' کو منتخب کریں
- درخواست کے لیے آن لائن فراہم کردہ ہدایات پر عمل کریں
- کوئی بھی معاونتی دستاویزات اپ لوڈ کریں
- ادائیگی کریں اور تصدیقی صفحے کو پرنٹ کر لیں

آپ اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کرنے اور اپنی درخواست کا اسٹیٹس دیکھنے کے قابل ہوں گے۔

میں آن لائن ایک اضافی لائسنس کیسے تخلیق کروں؟

ایک اضافی لائسنس کے لیے درخواست جمع کروانے کے لیے، اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں اور 'میرے لائسنسز کا نظم کریں' ٹیب پر کلک کریں اور پھر 'ایک نئے لائسنس یا پرمٹ کے لیے، ابھی اپلائی کریں! کے لنک کو منتخب کریں۔ شرائط و ضوابط کو پڑھنے کے بعد قبول کریں اور اس کے بعد سسٹم آپ کی خود رہنمائی کرے گا۔

میں لائسنس کی آن لائن کیسے تجدید کر سکتا ہوں؟

اگر آپ NYS لائسنس سینٹر میں ایک اکاؤنٹ رکھتے ہیں، تو آپ کو اپنے لائسنس کی میعاد ختم ہونے سے تین ماہ قبل بذریعہ ای میل تجدید کا ایک نوٹس موصول ہو گا۔ ای میل میں آپ کے اکاؤنٹ کا لنک موجود ہوتا ہے۔ لنک پر کلک کریں اور تجدید کے درخواستی عمل کو آگے بڑھائیں۔

اگر NYS لائسنس سینٹر پر آپ کا کوئی اکاؤنٹ موجود نہیں، تو آپ کے لائسنس کی میعاد ختم ہونے سے تین ماہ قبل آپ کو بذریعہ ڈاک تجدید کا نوٹس موصول ہو گا۔ اس نوٹس میں NYS لائسنس سینٹر میں ایک اکاؤنٹ تخلیق کرنے کے لیے ہدایات موجود ہوں گی۔

آن لائن سسٹم کے لیے میری صارفی ID کیا ہے؟

جب آپ MY NY.gov پر اپنا اکاؤنٹ تخلیق کرتے ہیں، تو آپ ایک منفرد صارفی ID تخلیق کریں گے اور اپنا ای میل ایڈریس استعمال کریں گے۔ اس کے بعد آپ صارفی ID کے ذریعے اپنے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کر سکیں گے۔

میں اپنے آن لائن اکاؤنٹ کی معلومات کو کیسے اپ ڈیٹ کروں؟

آپ کو دو مقامات پر اپنے آن لائن اکاؤنٹ کی معلومات اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کو My NY.gov اور اپنے NYS لائسنس سینٹر اکاؤنٹ میں اپنا ڈیٹا اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہو گی۔ My NY.gov پر، اپنے اکاؤنٹ کا نظم کرنے کے بارے میں معلومات کے لیے کثرت سے پوچھے گئے سوالات ملاحظہ کریں۔

اپنے NYS لائسنس سینٹر اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں، اوپر والی قطار میں آپ کو 'میرے لائسنسز کا نظم کریں' کے عنوان سے ایک لنک نظر آئے گا۔ یہاں سے آپ رابطے میں تبدیلی کی ترمیم کو مکمل کر کے اپنے اکاؤنٹ کی معلومات کو اپ ڈیٹ کرنے کے قابل ہوں گے۔

میں آن لائن درخواست دے رہا ہوں، میں اس محکمے کو اپنے جسمانی معائنے کے بارے میں کیسے مطلع کروں؟

قدرتی بال سنوارنے کے لائسنس کے لیے درخواست دینے کے لیے، تمام درخواست دہندگان کو فزیشن، فزیشن کے معاون یا نرس پریکٹیشنر سے معائنہ کروانا ہو گا۔ فزیشن، فزیشن کے معاون یا نرس پریکٹیشنر کی جانب سے معائنے کے بعد 30 دنوں کے اندر لائسنس کی درخواست جمع کروانی چاہیئے اور درخواست پر ان کا نام اور رابطے کی معلومات شامل ہونا ضروری ہے۔ ہیلتھ سرٹیفکیشن فارم (DOS-1948) کو مکمل کرنا لازم ہے اور اسے ریاستی محکمے کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

NYS لائسنس سینٹر کا استعمال کرتے ہوئے اپنی آن لائن درخواست میں، آپ کو مکمل کردہ ہیلتھ سرٹیفکیشن فارم پر موجود معلومات استعمال کرنا ہوں گی۔ آپ کو اس فارم پر موجود معلومات کو سسٹم کے اندر موجود ہیلتھ سرٹیفیکیشن فیلڈز میں درج کرنے کی ضرورت ہو گی۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں: یہ مکمل کردہ ہیلتھ سرٹیفکیشن فارم ایک تفتیش کار کی جانب سے آڈٹ سے مشروط ہے تاکہ اس تقاضے کے مطابق تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس فارم کا ثبوت آڈٹ مقاصد کے لیے آپ کے کام کرنے کی جگہ پر موجود ہونا چاہیئے۔

رازداری کی اطلاع

کیا مجھے درخواست پر اپنے سوشل سیکیورٹی اور وفاقی ID نمبرز فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟

جی ہاں، اگر آپ کے پاس سوشل سیکیورٹی نمبر یا وفاقی ID نمبر ہے، تو آپ کو یہ نمبر فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کے پاس سوشل سیکیورٹی نمبر یا وفاقی ID نمبر نہیں ہے، تو براہ کرم تحریری وضاحت فراہم کریں۔

ریاستی محکمے کے لیے لازم ہے کہ وہ تمام لائسنس یافتگان سے وفاقی سوشل سیکیورٹی اور آجر کے شناختی نمبر جمع کرے۔ ایسی ذاتی معلومات کی درخواست کرنے اور برقرار رکھنے کا اختیار ٹیکس قانون کے §5 اور عمومی واجبات کے قانون کے §3-503 میں پایا جاتا ہے۔ آپ کی جانب سے انکشاف لازمی ہے۔ یہ

قدرتی بال سنوارنے کی درخواست

معلومات اس لیے اکٹھی کی جاتی ہیں تاکہ محکمہ برائے محصول و مالیات ایسے افراد، کاروبار و دیگر کی شناخت کر سکے جو ٹیکس ریٹرنز جمع کروانے میں کوتاہی کرتے ہیں یا اپنی ٹیکس کی ذمہ داریوں کو کم گردانتے ہیں اور عمومی طور پر ایسے افراد کی شناخت کے لیے جو محصولات و مالیات کے کمشنر کے زیر اہتمام ٹیکسوں کے نفاذ سے متاثر ہوتے ہیں۔ یہ ٹیکس کے انتظام کے مقاصد اور ٹیکس قانون کی جانب سے مجاز کردہ کسی بھی دوسرے مقصد کے لئے استعمال کیا جائے گا اور اسے امدادِ اطفال کی نفاذ کار ایجنسیوں یا سوشل سیکیورٹی ایکٹ کے ٹائٹل IV-D کی پیروی میں قائم کردہ اس ریاست یا دیگر ریاستوں میں ان کے مجاز کردہ نمائندوں کی جانب سے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے، تاکہ ایک معاونتی آرڈر قائم، اس کی تجدید یا اسے نافذ کیا جا سکے، تاہم عوام کے لئے دستیاب نہیں ہو گا۔ نمبر نہ فراہم کیے جانے کی صورت میں ایک تحریری وضاحت درکار ہے۔ یہ معلومات One Commerce Plaza, 99 Washington Avenue, Albany, NY 12231-0001 میں موجود ڈائریکٹر برائے ایڈمنسٹریشن و مینجمنٹ کی جانب سے لائسنسنگ معلوماتی سسٹم میں محفوظ کی جائیں گی۔

کیا آپ ووٹ ڈالنے کے لیے اندراج کروانا چاہیں گے؟

براہِ کرم www.elections.ny.gov/votingregister.html پر ریاست NY کے بورڈ برائے انتخابات پر جائیں یا NYS ووٹر رجسٹریشن فارم کی درخواست کرنے کے لیے **1-800-FOR-VOTE** پر کال کریں۔

آن لائن رجسٹر کروانے کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں www.ny.gov/services/register-vote۔

صرف دفتری استعمال کے لیے

درخواست نمبر
_____-AENHS-A- _____

فیس $40 یا $50

New York State
Department of State
Division of Licensing Services
Appearance Enhancement
P.O. BOX 22049
Albany, NY 12201-2049
کسٹمر سروس: (518) 474-4429
www.dos.ny.gov

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | **Division of Licensing Services**

قدرتی بال سنوارنے کی درخواست

اس درخواست کو مکمل کرنے سے پہلے ہدایات کو پڑھیں۔ آپ کو ہر سوال کا لازماً جواب دینا ہو گا اور جوابات جلی حروف میں تحریر کریں۔

براہ کرم درج ذیل قابلِ اطلاق اختیارات میں سے ایک کا انتخاب کریں۔

میں درج ذیل کی بنیاد پر لائسنس کے لیے درخواست دے رہا ہوں ($40 درخواست کی فیس درکار ہے):

_____ 1. ریاست نیو یارک برائے تعلیم و امتحانات (300 گھنٹے پر مشتمل ایک منظور شدہ مطالعاتی کورس کی تکمیل)
_____ 2. ریاست نیو یارک میں قدرتی بالوں کی آرائش کے گزشتہ لائسنس کی بنیاد پر – لائسنس UID # _____ تاریخِ میعاد _____
_____ 3. ریاست نیو یارک یا امریکہ سے باہر حاصل کردہ تعلیم
_____ 4. تجربہ: ریاست نیو یارک یا امریکہ سے 5 سال باہر رہ کر حاصل کردہ تجربہ ریاست _____ ملک _____
_____ 5. توثیق – ریاست کا نام درج کریں _____
_____ 6. ریاست نیو یارک میں قدرتی بالوں کو سنوارنے کا لائسنس – لائسنس UID # _____ تاریخِ میعاد _____

اگر آپ نے مذکورہ بالا سے اختیار 1، 2 یا 3 کا انتخاب کیا ہے، تو آپ چھ ماہ کے عارضی لائسنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں (اضافی $10 فیس درکار ہے) جو آپ کو ریاست نیو یارک کے امتحانات دینے کی مدت کے دوران پریکٹس کی اجازت دیتا ہے۔

_____ **میں چھ ماہ کے عارضی لائسنس کی درخواست کر رہا ہوں۔ ($40 + $10 = $50 درخواست کی فیس درکار ہے)**
اگر آپ نے مذکورہ بالا اختیار 1، 2 یا 3 کا انتخاب کیا ہے، تو آپ کی درخواست منظور ہو جانے کے بعد آپ کو امتحان کے شیڈول کے لیے ایک لنک ای میل کیا جائے گا۔

_____ **مجھے ٹیسٹ کے لیے خصوصی انتظامات درکار ہیں۔**
اگر آپ سیکھنے میں معذوری یا کسی بھی جسمانی، ذہنی یا نفسیاتی معذوری کا شکار ہیں اور ٹیسٹ کے خصوصی انتظامات کی درخواست کر رہے ہیں، تو آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ "درخواست برائے ٹیسٹ کے خصوصی انتظامات" کا ایک مکمل کردہ فارم (DOS-1591) جمع کروانا ہو گا۔ آپ کو کسی فزیشن، یا کسی دوسرے اہل پیشہ ور ماہر کی جانب سے معاونتی دستاویزات یا کسی اسکول یا دیگر ادارے کی جانب سے سابقہ سہولیات کا ثبوت جو آپ کی کیفیت بیان کرتا ہو، نیز کسی بھی تبدیلیوں کی درخواست کے لیے وضاحت بھی جمع کروانا ہو گی۔ آپ کی درخواست منظور ہو جانے پر NYS لائسنسنگ کا ایک نمائندہ آپ سے رابطہ کرے گا تاکہ آپ کے معائنے کا شیڈول طے کیا جا سکے۔

درخواست دہندہ کی معلومات

پہلا نام	آخری نام	درمیانی نام	لاحقہ	
گھر کا پتہ (اسٹریٹ نمبر اور اسٹریٹ کا نام فراہم کریں)			سوئٹ، اپارٹمنٹ، یونٹ	
شہر	ریاست	زپ+4	کاؤنٹی	ملک
ڈاک کا پتہ (یہاں پی او باکس فراہم کریں)				
شہر	ریاست	زپ+4	کاؤنٹی	ملک
ای میل ایڈریس	سوشل سیکیورٹی نمبر		وفاقی ٹیکس دہندہ کی ID	
تاریخِ پیدائش	گھر کا فون نمبر	موبائل فون	کاروباری فون	

قدرتی بال سنوارنے کی درخواست

ہیلتھ سرٹیفیکیشن - آپ پر یہ درخواست اپنے جسمانی معائنے کے بعد **30 دنوں** کے اندر جمع کروانا لازم ہے۔

میں ایک باضابطہ لائسنس یافتہ فزیشن، معاون فزیشن یا نرس پریکٹیشنر ہوں اور اس درخواست پر نامزد فرد کے _____ (جسمانی معائنے کی تاریخ) کو معمول کے مطابق کیے گئے معائنے کے دوران، میں نے متعدی یا پھیلنے والی ایسی کسی بیماری کی موجودگی کا کوئی طبی ثبوت نہیں پایا جو درخواست دہندہ کے عوام الناس میں اپنے پیشے پر مصروفِ عمل رہنے سے کسی فرد کی صحت یا سلامتی کے لیے کسی بھی براہ راست یا سنگین خطرے کا باعث ہو۔

فزیشن کا نام درج کریں _____

پریکٹس کا پتہ _____

_____

فزیشن کے دستخط _____ تاریخ _____

گھریلو تشدد اور جنسی ہراسانی سے متعلق آگاہی کا بیان

☐ میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں NYS میں تعلیم کی تکمیل کی بنیاد پر درخواست دے رہا ہوں اور میں نے گھریلو تشدد اور جنسی حملوں سے متعلق آگاہی پر 1 گھنٹے کا کورس مکمل کر لیا ہے یا یہ کہ میں اس تقاضے سے مستثنیٰ ہوں۔

امداد اطفال کا بیان

اس درخواست پر دستخط کر کے، میں اس درخواست پر درج تاریخ کے مطابق تصدیق کرتا ہوں کہ مجھ پر امدادِ اطفال کی ادائیگی کی پابندی نہیں یا اگر میں امدادِ اطفال کی ادائیگی کا پابند ہوں، تو میری جانب سے چار ماہ یا اس سے زیادہ مدت کے لیے امدادِ اطفال کی ادائیگیاں زیرِ التواء نہیں، یا میں آمدنی میں کٹوتی کے ذریعے ادائیگی کر رہا ہوں یا عدالت کی جانب سے اتفاق کی گئی ادائیگی یا دوبارہ ادائیگی کے منصوبے یا فریقین کی جانب سے اتفاق کیے گئے منصوبے کے مطابق ادائیگی کر رہا ہوں یا میری امدادِ اطفال کی ادائیگی عدالتی کارروائی کی وجہ سے زیرِ التواء ہے، یا میں عوامی اعانت وصول کر رہا ہوں یا ضمنی حفاظتی آمدنی وصول کر رہا ہوں۔

درخواست دہندہ کی تصدیق – میں، تعزیراتِ دروغ گوئی کا ادراک رکھتے ہوئے تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ اس درخواست میں درج کیے گئے بیانات سچے اور درست ہیں۔ میں مزید یہ بھی تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے عمومی کاروباری قانون کے آرٹیکل 27 کی دفعات اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد و ضوابط کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔

X _____ _____

درخواست دہندہ کے دستخط *تاریخ*

اگر آپ ریاستِ نیو یارک میں تعلیم کی بنیاد پر درخواست دے رہے ہیں، تو آپ کے <u>اسکول کے ڈائریکٹر یا پرنسپل</u> پر درج ذیل مکمل کرنا لازم ہے:

ریاست نیو یارک کے منظور کردہ اسکول کی تصدیق

اسکول کا نام		
اسکول کا پتہ (اسٹریٹ کا نمبر اور اسٹریٹ کا نام فراہم کریں)		
شہر	ریاست	زپ+4
اسکول کا نصابی کوڈ (NYS کے ریاستی محکمہ کی جانب سے تفویض کردہ پانچ ہندسوں کا عددی کوڈ)		
اسکول کے ڈائریکٹر یا پرنسپل کا مکمل نام (درج کریں)		عہدہ (ڈائریکٹر یا پرنسپل)
درخواست دہندہ کا مکمل نام (درج کریں)		

قدرتی بال سنوارنے کی درخواست

میں جھوٹی گواہی کی سزاؤں کے تحت تائید کرتا/کرتی ہوں اور تصدیق کرتا ہوں کہ مذکورہ بالا نامزد اسکول تعلیمی قانون کے §5001 حصے کے مطابق باضابطہ لائسنس یافتہ ہے اور/یا ریاست نیو یارک کے بورڈ آف ریجنٹس (Board of Regents) کی جانب سے منظور شدہ ہے۔ اس درخواست میں نامزد فرد نے 300 گھنٹوں پر مشتمل ایک منظور شدہ کورس کامیابی کے ساتھ (تاریخ) _____کو مکمل کر لیا ہے۔

_____ _____

اسکول کے ڈائریکٹر/پرنسپل کے دستخط تاریخ

اسکول کی مہر

براہِ کرم اس درخواست کے ساتھ کوئی بھی درکار وضاحتیں اور بیانات مع اپنی درخواست فیس مبلغ $50 — برائے درخواستی فیس اور عارضی لائسنس (NYS کے ریاستی محکمے کو قابلِ اداء)؛ یا صرف $40 برائے درخواست جمع کروانا مت بھولیں۔ آپ کے بینک کی جانب سے واپس ہونے والے ہر چیک کے عوض اضافی $20 فیس وصول کی جائے گی۔ اگر آپ بذریعہ کریڈٹ کارڈ ادائیگی کرنا چاہتے ہیں، تو کریڈٹ کارڈ کا اجازتی فارم مکمل کرنے اور اس درخواست کے ساتھ واپس بھیجنے کے لیے براہِ کرم www.dos.ny.gov پر موجود ہماری ویب سائٹ سے حاصل کریں۔

اس ڈویژن کو اپنی رہائش اور ای میل ایڈریس میں ہونے والی کسی بھی تبدیلیوں کے بارے میں آگاہ کرنا ضروری ہے تاکہ آپ تجدیدی نوٹسز یا اپنے لائسنس کے حوالے سے کوئی بھی متعلقہ اطلاعات موصول کر سکیں۔